DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 26.10.2024

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | معاشرتی استحکام کیلئے بھائی چارے کی فضاء کو قائم رکھا جائے، گورنر۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | وزیر اعلیٰ کا قبضہ مافیا کے خلاف آپریشن تیز کرنے کا حکم کوئٹہ کی خوبصورتی کے منصوبوں کو جلد مکمل کیا جائے ،سرفراز بگٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | وزیر صحت کی مکران میڈیکل کالج کے مسائل فوری حل کرنیکی ہدایت۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 04 | سیکورٹی فورسز بہادری سے دہشتگردوں کا مقابلہ کررہی ہیں، نور محمد دمڑ۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | صوبائی حکومت پولیو کے خاتمے کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھارہی ہے، چیف سیکرٹری۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | پولیو کے خاتمے کی کوششوں میں غفلت برداشت نہیں کرینگے، ڈپٹی کمشنر لورالائی۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | رکن صوبائی اسمبلی سلمیٰ بی بی محکموں کا چیئرپرسن منتخب کرلیا گیا۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | لورالائی کی بچی میں پولیووائرس کی تصدیق۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | بلوچستان سپورٹس بورڈ کا کروب ایک سال کے دوران گریڈ 17 میں پہنچ گیا۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | بلوچستان اسمبلی منشیات کے اڈوں کے خاتمے سمیت 4 قراردادیں منظور۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 11 | کوئٹہ ضلعی انتظامیہ کی گرانفروشوں کے خلاف کاروائیاں 12 افراد گرفتار۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | سیکورٹی اداروں کا کام برنس کمیونٹی کی راہ میں رکاوٹیں ڈالنا نہیں وفاقی سیکرٹری داخلہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | بلوچستان بھر میں انسداد پولیو کی 28 اکتوبر سے شروع ہوگی۔ | سینچیری ودیگر اخبارات |
| 14 | سرکاری عدالتی نظام کمزوری پستی کی جانب سے جارہا ہے، نواب جوگیزئی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | پارٹی رہنماؤں کے خلاف مقدمات بی این پی کا احتجاجی شیڈول کا اعلان۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | سردار اختر مینگل کا جرم قوم کو بتایا جائے، حافظ حمداللہ۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 17 | سردار اختر مینگل پر مقدمہ بلوچستان کیلئے منفی پیغام ہے، رضا ربانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | زرعی ٹیوب ویلز کی شمسی توانائی پر منتقلی مثبت آغاز ہے، ن لیگ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

سنجگور میں نامعلوم مسلح افراد نے ایک شخص سے موٹرسائیکل اور نقدی چھین لی، لورالائی لیویز کی گاڑی اور ٹرک میں تصادم کے نتیجے میں تین اہلکار زخمی، لیویز فورس خضدار کاروائی اشتہاری ملزم کو گرفتار کرلیا۔

## عوامی مسائل:

زہری میں واپڈا کی ظلم وزیادتیاں حد سے بڑھ گئی ہے، اوستہ محمد نصیر آباد ڈویژن میں پولیس فورس جدید سہولیات سے محروم۔

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 26.10.2024

**اداریہ:**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**سروس ڈیلیوری کے نظام میں بہتری وزیر اعلیٰ بلوچستان پرعزم!** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میں سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز پبلک پرائیوٹ پارٹنر شپ کے تحت صوبے میں تین اہم منصوبوں کا افتتاح کرتے ہوئے اپنے اس عزم کا ایک بار پھر اعادہ کیا ہے کہ ان کی قیادت میں موجود صوبائی حکومت سروس ڈیلیوری کے نظام میں بہتری اچھی طرز حکمرانی کو یقینی بنائے گی اور حکومتی اقدامات کے نتیجے میں صوبت میں جاری ترقی کے ثمرات عام عوام تک پہنچیں گے۔ جن منصوبوں کا وزیر اعلیٰ نے افتتاح کیا ہے ہم ان کی اہمیت وافادیت کی تفصیل میں نہیں جاتے البتہ وزیر اعلیٰ کے اظہار خیال کا ضرور تذکرہ کریں گے انہوں نے کہا ہے کہ حکومت اپنے عوام دوست مشن پر گامزن رہے گی بات چیت کے لئے تیار ہیں مگر بلیک میل کسی سے نہیں ہوں گے مافیا کا خاتمہ کریں گے کسی کو عوامی سہولیات میں رخنہ ڈالنے کی اجازت نہیں دیں گے، وزیر اعلیٰ کا عزم قابل ستائش ہے میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں موجود مخلوط صوبائی حکومت جہاں ایک طرف صوبے کے دیرینہ عوامی مسائل کے حل کے لئے دیگر اقدامات اور منصوبوں پر کام کررہی ہے۔

**اداریے:**

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**عوامی مسائل اور بہتر منصوبہ بندی وزیر اعلیٰ بلوچستان کا دوٹوک عزم** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے "**اختر مینگل پر دھشت گردی کا مقدمہ آمریت کی یاد تازہ** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ "**Processing facilities**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ "**Green Revolution with 28000 Solar Tube wells**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ میزان، قدرت، باخبر کوئٹہ نے "**پولیو کی صورتحال اور ضلعی انتظامیہ کے اقدامات** " کے عنوان سے ڈسٹرکٹ انفارمیشن کا مضمون تحریر کیا ہے۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 26 OCT 2024

Page No. 1

# معاشرتی استحکام کیلئے بھائی چارے کی فضاء کو قائم رکھا جائے، گورنر

## ہم سب آنے والی نسلوں کے قرض دار ہیں، کتاب کی تقریب رونمائی سے خطاب

## عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے لیویز کا مضبوط عزم امید کی کرن ہے، جعفر مندوخیل

کوئٹہ(خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ بلوچستان کی خوبصورتی، قدرتی مناظر اور لینڈ اسکیپ فوٹوگرافی سے متعلق ایک اہم کتاب منظر عام پر آنے سے خوشی ہوئی ہے اس یقین کے ساتھ کہ یہ کتاب عوام میں نئی آگاہی پیدا کریگی اور دنیا کے سیاحوں کو بلوچستان کی جانب راغب کریگی۔ خوبصورتی صرف ایک نظارہ نہیں ہے بلکہ اس میں انسان کا خوشنما احساس بھی شامل ہے. فلاسفی کی زبان میں خوبصورتی کو سمجھنے اور سمجھانے کے سلسلے کو جمالیات کا نام دیا جاتا ہے گورنر جعفر خان نے کہا کہ یہ شاندار کتاب "بلوچستان : ایئر پینوراماس اینڈ لینڈ سکیپس" صرف بلوچستان سے متعلق تصویروں کا مجموعہ نہیں ہے بلکہ یہ قابل ذکر کتاب پائلٹ طاہر خان کیانی اور عزیز جمالی کے جستجو کے جذبے کا منہ بولتا ثبوت ہے. ان خیالات کا اظہار انہوں نے کتاب کی تقریب رونمائی "Balochistan: Air Panoramas Landscapes" کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، بلوچستان پبلک سیکٹر یونیورسٹیز کے وائس چانسلرز صاحبان، صوبائی سیکرٹریز، علمی اور ادبی شخصیات سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی ایک بڑی تعداد موجود تھی. شرکاء سے خطاب میں گورنر جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان کی خوبصورتی پر ایک شاندار کتاب "بلوچستان : ایئر پینارا ماس اینڈ لینڈ سکیپس" کے نام سے منظر عام پر آچکی ہے جو پائلٹ طاہر خان کیانی اور عزیز احمد جمالی کی انتھک کاوشوں کا نتیجہ ہے. انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے کہ اب وہ فکر اور قلم سے وابستہ افراد جو عوام میں احساس جگاتے تھے، نوجوانوں کو لکھنے اور پڑھنے کا درس دیتے تھے، سوچنے اور نیا سوال اٹھانے پر آمادہ کرتے تھے. آج وہ دانشور حضرات بڑی تیزی سے ناپید ہوتے جا رہے ہیں. انہوں نے کہا کہ ہمارے ہاں مصنف، گلوکار، مجسمہ ساز اور آرٹسٹ وغیرہ ہی تمام معاشرتی سرگرمیوں اور مشغلوں کے سفیر ہوتے ہیں. لہٰذا ان کی بھرپور حوصلہ افزائی اور مالی مدد حکومت کی ذمہ داری ہے. گورنر جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ دوستانہ ماحول، جمہوری رویوں اختلاف رائے کا احترام اور بھائی چارے کی فضاء کو قائم رکھا جائے تا کہ معاشرے میں مزید استحکام، برابری اور باہمی اعتماد پیدا ہو سکے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ ہم سب آنے والی نسلوں کے قرضدار ہیں جس کیلئے ہم شعوری کوششیں کرنی ہے۔

کوئٹہ(خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ گزشتہ روز برشور ڈسٹرکٹ پشین میں دہشت گردوں کے حملے کو ناکام بنانے پر ہم لیویز اہلکاروں کی غیر معمولی جرأت، بہادری اور دلیری کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جو ڈسٹرکٹ پشین تحصیل برشور میں دہشت گردی کے خلاف بہادری سے لڑے اور اپنی قابل فخر کارکردگی سے صوبے کے پرامن صورتحال کو خراب کرنے کی کوششوں کو ناکام بنا دیا. ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو گورنر ہاوس کوئٹہ میں ڈی جی لیویز نصیب اللہ کی قیادت میں وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا. اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری ہوم خالد خان، ڈپٹی کمشنر پشین زاہد خان، اسسٹنٹ کمشنر عبداللہ خان بھی موجود تھے. گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے آپ کے مضبوط عزم اور خدمت ہم سب کیلئے امید کی کرن ہے. یہ حقیقت ہے کہ لیویز فورس صوبے کے دور دراز علاقوں آج بھی بہت موثر ہے لہٰذا ضروری ہے کہ لیویز اہلکاروں کو جدید تربیت اور اسلحہ فراہم کیا جائے تا کہ وہ ہر قسم کی دہشت گردی اور خطرات سے نمٹنے کے قابل ہو سکیں. گورنر بلوچستان نے لیویز اہلکاروں کی شاندار کارکردگی کے اعتراف میں انہیں تعریفی اسناد اور نقد انعامات سے نوازتے ہوئے کہا کہ عوام کی حفاظت کی خاطر یہ آپ کی بہادری اور دلیرانہ کوششوں کا ایک چھوٹا سا اظہار ہے۔

MASHRIQ QUETTA

# لیویز فورس موثر، اہلکاروں کو جدید تربیت اور اسلحہ فراہم کیا جائے، گورنر

## لیویز نوجوان برشور میں دہشتگردی کیخلاف بہادری سے لڑے جو صوبے بھر کیلئے قابل فخر ہے، جعفر خان مندوخیل

## دہشگردوں کے حملے ناکام بنانے پر ہم لیویز اہلکاروں کی غیر معمولی جرات، بہادری و دلیری کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں

## گورنر ہاوس میں ڈی جی لیویز نصیب اللہ کی قیادت میں وفد سے گفتگو، لیویز اہلکاروں کو شاندار کارکردگی پر تعریفی اسناد و نقد انعامات سے نواز

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ گزشتہ روز برشور ڈسٹرکٹ پشین میں دہشت گردوں کے حملے کو ناکام بنانے پر ہم لیویز اہلکاروں کی غیر معمولی جرات، بہادری اور دلیری کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جو ڈسٹرکٹ پشین تحصیل برشور میں دہشت گردی کے خلاف بہادری سے لڑے اور اپنی قابل فخر کارکردگی سے صوبے کی پرامن صورتحال کو خراب کرنے کی کوششوں کو ناکام بنا دیا........

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ڈی جی لیویز نصیب اللہ کی قیادت میں وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری ہوم خالد خان، ڈپٹی کمشنر پشین زاہد خان، اسسٹنٹ کمشنر عبداللہ خان بھی موجود تھے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے آپ کے مضبوط عزم اور خدمت ہم سب کیلئے امید کی کرن ہے . یہ حقیقت ہے کہ لیویز فورس صوبے کے دور دراز علاقوں میں آج بھی بہت موثر ہے لہٰذا ضروری ہے کہ لیویز اہلکاروں کو جدید تربیت اور اسلحہ فراہم کیا جائے تاکہ وہ ہر قسم کی دہشت گردی اور خطرات سے نمٹنے کے قابل ہو سکے گورنر بلوچستان نے لیویز اہلکاروں کی شاندار کارکردگی کے اعتراف میں انہیں تعریفی اسناد اور نقد انعامات سے نوازتے ہوئے کہا کہ عوام کی حفاظت کی خاطر یہ آپ کی بہادری اور دلیرانہ کوششوں کا ایک چھوٹا سا اظہار ہے۔

# کتاب "بلوچستان: ایئر پینوراماس اینڈ لینڈ سکیپس" کی اشاعت خوش آئند، جعفر مندوخیل

## پائلٹ طاہر خان کیانی اور عزیز احمد جمالی کو کتاب کی اشاعت پر مبارکباد دیتا ہوں، گورنر کا خطاب

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان.......

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

کی خوبصورتی، قدرتی مناظر اور لینڈ اسکیپ فوٹوگرافی سے متعلق ایک اہم کتاب منظر عام پر آنے سے خوشی ہوئی ہے اس یقین کے ساتھ کہ یہ کتاب عوام میں نئی آگاہی پیدا کریگی اور دنیا کے سیاحوں کو بلوچستان کی جانب راغب کریگی. خوبصورتی صرف ایک نظارہ نہیں ہے بلکہ اس میں انسان کا خوشنما احساس بھی شامل ہے. فلاسفی کی زبان میں خوبصورتی کو سمجھنے اور سمجھانے کے سلسلے کو جمالیات کا نام دیا جاتا ہے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily:

Bullet No. 1

2


THE DAILY JANG QUETTA ★★

روزنامہ جنگ کوئٹہ

BC-J-1 | فون 2841993-2842016-2841078

قیمت 30 روپے

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 53 | ہفتہ 22 ربیع الثانی 1446ھ 26 اکتوبر 2024ء | نمبر 294




کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکیج پر پیشرفت سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



کوئٹہ وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی اراضیات واگزار کرانے سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## وزیراعلیٰ کا قبضہ مافیا کیخلاف آپریشن تیز کرنے کا حکم

# کوئٹہ کی خوبصورتی کے منصوبوں کو جلد مکمل کیا جائے، سرفراز بگٹی

### تاریخی مجسموں کو منشیات کے عادی افراد سے بچانے کیلئے بحالی مراکز کو فعال بنایا جائے، شہر میں واکنگ اسٹریٹ کے قیام کے مجوزہ منصوبوں پر غور

### قانون سے کوئی بالاتر نہیں، بلا امتیاز کارروائی کی جائے، ایف سی جوانوں کی شہادت طویل قربانیوں کا تسلسل ہے، وزیراعلیٰ کی درازندہ واقعہ کی مذمت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت اجلاس میں کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکیج اور کوئٹہ شہر کی خوبصورتی سے متعلق لئے جانے والے اقدامات سے متعلق ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا، اجلاس میں چیف سیکرٹری شکیل قادر خان سیکرٹری مواصلات و تعمیرات لعل جان جعفر، کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات، پراجیکٹ ڈائریکٹر کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکیج رفیق احمد، ڈی جی کیو ڈی اے عسکر خان اور اسپیشل سیکرٹری خزانہ اورنگزیب خان کاسی سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کو پروجیکٹ ڈائریکٹر رفیق احمد اور کمشنر کوئٹہ حمزہ شفقات نے پیکیج پر پیشرفت اور کوئٹہ شہر میں خوبصورتی سے متعلق لئے جانے والے اقدامات پر بریفنگ دی۔ سیکرٹری مواصلات لعل جان جعفر نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اندرون شہر سڑکوں کی بحالی جاری ہے اور جلد تمام سڑکوں کی کارپٹنگ مکمل کر دی جائے گی، اجلاس کو کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی جانب سے دی جانے والی بریفنگ میں بتایا گیا کہ ایئرپورٹ روڈ کی خوبصورتی اور تزئین و آرائش کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کوئٹہ کی خوبصورتی خصوصاً ایئرپورٹ روڈ پر کام کی سست روی پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ متعلقہ حکام کام کی رفتار کو تیز کریں، شہر میں خوبصورتی کی غرض سے لگائے گئے مختلف تاریخی مجسموں اور پارکوں کو منشیات کے عادی افراد کے باعث نقصان پہنچتا ہے جس کے لئے ضروری ہے کہ منشیات بحالی مراکز کو فعال بنایا جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اس سلسلے میں خصوصی اقدامات کرے اس سلسلے میں نجی رضاکارانہ طور پر کام کرنے والے افراد کا تعاون بھی حاصل کیا جائے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ متعلقہ منصوبوں کے لئے فنڈنگ کی کمی کا کوئی مسئلہ نہیں، لیکن اس امر کو یقینی بنانا ضروری ہے کہ متعین کردہ وقت میں متعلقہ کام کی تکمیل ہو۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ صوبائی دارالحکومت ہے اور شہر کی خوبصورتی سے لگنا چاہئے کہ یہ واقعی ایک میٹروپولیٹن شہر ہے اجلاس میں کوئٹہ شہر میں واکنگ سٹریٹ کے قیام سے متعلق مختلف مجوزہ منصوبوں پر غور بھی کیا گیا اور اس حوالے سے جلد اقدامات اٹھانے پر اتفاق کیا گیا۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں قبضہ مافیا کے خلاف آپریشن تیز کرنے کا حکم دیتے ہوئے مقبوضہ اراضیات واگزار کرانے کی ہدایت کی ہے، وزیر اعلیٰ کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس میں صوبے میں لینڈ مافیا کے خلاف کارروائی کی پیشرفت کا جائزہ اور چیف منسٹر کمپلینٹ سیل میں قبضہ مافیا کے خلاف درج ہونے والی شکایات پر غور کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے لینڈ مافیا کے خلاف آپریشن تیز کرنے کا حکم دیتے ہوئے ہدایت کی کہ کوئی قانون سے بالاتر نہیں، قبضہ گیروں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے۔ اجلاس میں کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ چشمہ اچوزئی میں قبضہ مافیا سے اراضی واگزار کرالی گئی اور چھ مساجد اور چار مدارس کے علاوہ تمام تجاوزات ہٹا دی گئیں، مقبوضہ اراضی پر دوبارہ تعمیرات کو روکا جا رہا ہے، اجلاس میں ارکان اسمبلی، چیف سیکرٹری، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ، آئی جی پولیس اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ڈی آئی خان کے علاقے درازندہ میں رات کی تاریکی میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی فورسز دہشت گردی کے عفریت سے نمٹنے کیلئے پوری بہادری سے لڑ رہی ہیں، قومی سالمیت کی اس جنگ میں فورسز کے بہادر جوانوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے ملک و قوم کے دفاع کو یقینی بنایا، فرنٹیئر کانسٹیبلری کے جوانوں کی شہادت فورسز کی طویل قربانیوں کا تسلسل ہے پوری قوم اپنی سیکورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ جاری بیان میں وزیر اعلیٰ نے درازندہ میں جام شہادت نوش کرنے والے بہادر جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم کو اپنے شہداء پر فخر ہے، سرفراز بگٹی نے شہداء کے خاندانوں سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وطن عزیز کا ہر فرد اپنے ان شہداء کے خون کے ہر قطرے کا مقروض ہے جنہوں نے اس دھرتی اور عوام کے لئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔

CS CamScanner

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | ہفتہ 22 ربیع الثانی 1446ھ 26 اکتوبر 2024ء صفحات 08 | شمارہ 118

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے

# قبضہ مافیاء کیخلاف آپریشن تیز کرنیکا حکم — فورسز دہشتگردی کے عفریت سے نمٹنے کیلئے پوری بہادری سے لڑ رہی ہیں میر سرفراز بگٹی

## قوم کو اپنے شہداء پر فخر ہے جنہوں نے اپنی زندگی قوم کے لئے نچھاور کردی شہداء کی انہی لازوال قربانیوں کے باعث عالمی سازشوں کے باوجود وطن عزیز کی سلامتی اور تحفظ کو یقینی بنایا گیا، وزیراعلی

## صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کی ترقی اور خوبصورتی کے لئے تمام ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے، وزیراعلی بلوچستان کی ہدایت، زیرصدارت اجلاس میں اہم فیصلے کیے گئے

## کوئی قانون سے بالاتر نہیں قبضہ گیروں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے، وزیراعلی، چشمہ اچوزئی میں قبضہ مافیاء سے اراضی واگزار کرائی گئی، اجلاس میں کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی بریفنگ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ڈی آئی خان کے علاقے درازندہ میں رات کی تاریکی میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی فورسز دہشت گردی کی عفریت سے نمٹنے کیلئے پوری بہادری سے لڑ رہی ........

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

ہیں قومی سلامتی کی اس جنگ میں فورسز کے بہادر جوانوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے ملک و قوم کے دفاع کو یقینی بنایا ہے فرنٹیئر کانسٹیبلری کے جوانوں کی شہادت فورسز کی طویل قربانیوں کا تسلسل ہے پوری قوم اپنی سیکورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے اپنے جاری ایک بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے درازندہ میں جام شہادت نوش کرنے والے بہادر جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم کو اپنے شہداء پر فخر ہے جنہوں نے اپنی زندگی قوم کے لئے نچھاور کردی شہداء کی انہی لازوال قربانیوں کے باعث عالمی سازشوں کے باوجود وطن عزیز کی سلامتی اور تحفظ کو یقینی بنایا گیا ہے، میر سرفراز بگٹی نے شہداء کے خاندانوں سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وطن عزیز کا ہر فرد اپنے ان شہداء کے خون کے ہر قطرے کا مقروض ہے جنہوں نے اس دھرتی اور عوام کے لئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ دوسری جانب ۔ وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج اور کوئٹہ شہر کی خوبصورتی سے متعلق لئے جانے والے اقدامات سے متعلق ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکریٹری مواصلات و تعمیرات لعل جان جعفر، کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات، پراجیکٹ ڈائریکٹر کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج رفیق احمد، ڈی جی کیو ڈی اے عسکر خان، اور اسپیشل سیکرٹری خزانہ اورنگزیب خان کاسی سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس کو پروجیکٹ ڈائریکٹر کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج رفیق احمد اور کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات نے کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج پر پیشرفت اور کوئٹہ شہر میں خوبصورتی سے متعلق لیے جانے والے اقدامات پر بریفنگ دی اجلاس میں شریک سیکرٹری مواصلات لعل جان جعفر نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کوئٹہ اندرون شہر میں سڑکوں کی بحالی جاری ہے اور بہت جلد تمام سڑکوں کی کارپٹنگ مکمل کردی جائے گی اجلاس کو کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی جانب سے دی جانے والی بریفنگ میں بتایا گیا کہ ایئرپورٹ روڈ کوئٹہ کی خوبصورتی اور تزئین و آرائش کے لیے اقدامات کئے جا رہے ہیں اور اس حوالے سے وزیراعلی بلوچستان کی ہدایت کے مطابق تمام متعلقہ امور کو عملی شکل دی جا رہی ہے وزیراعلی نے کوئٹہ شہر کی خوبصورتی اور خصوصا ائرپورٹ روڈ پر کام کی سست روی پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ متعلقہ حکام کام کی رفتار کو تیز کریں وزیراعلی نے ہدایت کی کہ کوئٹہ شہر میں خوبصورتی کے غرض سے لگائے گئے مختلف تاریخی مجسموں اور پارکوں کو منشیات کے عادی افراد کے باعث نقصان پہنچتا ہے جس کے لیے ضروری ہے کہ منشیات بحالی مراکز کو فعال بنایا جائے انہوں نے ہدایت کی کہ سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اس سلسلے میں خصوصی اقدامات کرے اس سلسلے میں نجی رضاکارانہ طور پر کام کرنے والے افراد کا تعاون بھی حاصل کیا جائے وزیراعلی نے کہا کہ متعلقہ منصوبوں کے لیے فنڈنگ کی کمی کا کوئی مسئلہ نہیں ہے لیکن اس امر کو یقینی بنانا ضروری ہے کہ متعین کردہ وقت میں متعلقہ کام کی تکمیل ہو انہوں نے ہدایت کی کہ شہر میں پیدا ہونے والے کچرے کو بروقت ٹھکانے لگایا جائے اور صفائی کا خاص خیال رکھا جائے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ صوبائی دارالحکومت ہے اور اس شہر کی خوبصورتی سے لگنا چاہئے کہ یہ واقعی ایک میٹروپولیٹن شہر ہے اجلاس میں کوئٹہ شہر میں واکنگ سٹریٹ کے قیام سے متعلق مختلف مجوزہ منصوبوں پر غور بھی کیا گیا اور اس حوالے سے جلد اقدامات اٹھانے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں قبضہ مافیاء کے خلاف آپریشن تیز کرنے کا حکم دیتے ہوئے مقبوضہ اراضیات واگزار کرانے کی ہدایت کی ہے وزیراعلیٰ کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس میں صوبے میں لینڈ مافیاء کے خلاف کارروائی کی پیش رفت کا جائزہ اور چیف منسٹر کمپلینٹ سیل میں قبضہ مافیاء کے خلاف درج ہونے والی شکایات پر غور کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے لینڈ مافیاء کے خلاف آپریشن تیز کرنے کا حکم دیتے ہوئے قبضہ مافیاء سے تمام مقبوضہ اراضیات واگزار کرانے کی ہدایت کی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کوئی قانون سے بالاتر نہیں قبضہ گیروں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے اجلاس میں کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ چشمہ اچوزئی میں قبضہ مافیاء سے اراضی واگزار کرالی گئی اور چھ مساجد اور چار مدارس کے علاوہ تمام تجاوزات ہٹادی گئیں ہیں مقبوضہ اراضی پر دوبارہ تعمیرات کو روکا جا رہا ہے اجلاس میں اراکین صوبائی اسمبلی، چیف سیکرٹری بلوچستان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ، آئی جی پولیس بلوچستان اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Bullet No. 1

Page No. 4


Daily MASHRIQ QUETTA & Hub

روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے دیئے گئے عشائیہ میں جے یو آئی کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع اور اراکین اسمبلی شریک ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سابق وزیراعلیٰ نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ مصافحہ کررہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبے میں مقبوضہ اراضیات کو واگزار کرانے سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سنچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 22 شمارہ 313 | ہفتہ، 22 ربیع الثانی، 26 اکتوبر 2024ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے


# فنڈز کی کمی نہیں، کوئٹہ کے ترقیاتی کام جلد مکمل کیے جائیں، وزیراعلیٰ

## ایئرپورٹ روڈ کے کام کی سست روی پر برہمی، کچرا بروقت ٹھکانے لگایا اور منشیات بحالی مراکز کو فعال کیا جائے، سرفراز بگٹی

## ڈی آئی خان دہشت گرد حملے کی مذمت، شہید ہونیوالے بہادر جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، وزیراعلیٰ کا بیان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج اور کوئٹہ شہر کی خوبصورتی سے متعلق لئے جانے والے اقدامات سے متعلق ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، (باقی صفحہ 5 نمبر 17)

سیکرٹری مواصلات و تعمیرات لعل جان جعفر، کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات، پراجیکٹ ڈائریکٹر کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج رفیق احمد، ڈی جی کیو ڈی اے عسکر خان، اور اسپیشل سیکرٹری خزانہ اورنگزیب خان کاسی سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس کو پروجیکٹ ڈائریکٹر کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج رفیق احمد اور کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات نے کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج پر پیشرفت اور کوئٹہ شہر میں خوبصورتی سے متعلق لیے جانے والے اقدامات پر بریفنگ دی اجلاس میں شریک سیکرٹری مواصلات لعل جان جعفر نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کوئٹہ اندرون شہر میں سڑکوں کی بحالی جاری ہے اور بہت جلد تمام سڑکوں کی کارپٹنگ مکمل کر دی جائے گی اجلاس کو کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی جانب سے دی جانے والی بریفنگ میں بتایا گیا کہ ایئرپورٹ روڈ کوئٹہ کی خوبصورتی اور تزین و آرائش کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں اور اس حوالے سے وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت کے مطابق تمام متعلقہ امور کو عملی شکل دی جا رہی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کوئٹہ شہر کی خوبصورتی اور خصوصاً ائرپورٹ روڈ پر کام کی سست روی پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ متعلقہ حکام کام کی رفتار کو تیز کریں وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ کوئٹہ شہر میں خوبصورتی کی غرض سے لگائے گئے مختلف تاریخی مجسموں اور پارکوں کو منشیات کے عادی افراد کے باعث نقصان پہنچتا ہے جس کے لیے ضروری ہے کہ منشیات بحالی مراکز کو فعال بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ صوبائی دارالحکومت ہے اور اس شہر کی خوبصورتی سے لگنا چاہیے کہ یہ واقعی ایک میٹروپولیٹن شہر ہے اجلاس میں کوئٹہ شہر میں واکنگ سٹریٹ کے قیام سے متعلق مختلف مجوزہ منصوبوں پر غور بھی کیا گیا اور اس حوالے سے جلد اقدامات اٹھانے پر اتفاق کیا گیا۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ڈی آئی خان کے علاقے درازندہ میں رات کی تاریکی میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی فورسز دہشت گردی کی عفریت سے نمٹنے کیلئے پوری بہادری سے لڑ رہی ہیں۔ اپنے بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے درازندہ میں جام شہادت نوش کرنے والے بہادر جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم کو اپنے شہداء پر فخر ہے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع اور اراکین اسمبلی ملاقات کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی مقبوضہ اراضیات واگزار کرانے سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Page No. 6

Bullet No. 1

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
رجسٹرڈ نمبر بی سی I-4
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909
قیمت 30 روپے ★ صفحات
جلد نمبر 31 | بروز ہفتہ/26 اکتوبر 2024ء بمطابق 22/ربیع الثانی 1446ھ | شمارہ نمبر 295

# صوبے بھر میں لینڈ مافیا کیخلاف آپریشن تیز کرنے کی ہدایت

## کوئی قانون سے بالاتر نہیں، تمام مقبوضہ اراضی واگزار کرائی جائے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد کیا گیا جس میں صوبے میں لینڈ مافیا کے خلاف کارروائی کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا اور چیف منسٹر کمپلینٹ سیل میں قبضہ مافیا کے خلاف درج ہونے والی شکایات پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں اراکین صوبائی اسمبلی، چیف سیکرٹری بلوچستان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ، آئی جی پولیس بلوچستان اور اعلی حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر وزیر کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات نے اجلاس کے شرکاء کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ چشمہ اچوزئی میں قبضہ مافیا سے اراضی واہ گزار کرالی گئی، 6 مساجد اور چار مدارس کے علاوہ تمام تجاوزات

بقیہ نمبر 2 صفحہ 5 پر

ہٹادی گئیں ہیں، مقبوضہ اراضی پر دوبارہ تعمیرات کو روکا جار رہا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے ہدایت کی کہ لینڈ مافیا کے خلاف آپریشن تیز کیا جائے اور قبضہ مافیا سے تمام مقبوضہ اراضی واہ گزار کرائی جائے، انہوں نے کہا کہ کوئی قانون سے بالاتر نہیں، بلاامتیاز کارروائی کی جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر-23 | ہفتہ 26 اکتوبر 2024ء بمطابق 22 ربیع الثانی 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-292

# کوئٹہ میں لینڈ مافیا کے خلاف آپریشن تیز اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائیگا

**شہر میں خوبصورتی کے غرض سے لگائے گئے تاریخی مجسموں اور پارکوں کو منشیات کے عادی افراد کے باعث نقصان پہنچتا ہے منشیات بحالی مراکز کو فعال بنایا جائے**

**کوئی قانون سے بالاتر نہیں قبضہ گیروں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کر کے قبضہ مافیاء سے مقبوضہ اراضیات واگزار کرائی جائیں، منصوبوں کے لیے فنڈنگ کی کمی کا کوئی مسئلہ نہیں ہے**

**درازندہ فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے حملے کی مذمت، فورسز دہشت گردی کی عفریت سے نمٹنے کیلئے پوری بہادری سے لڑ رہی ہیں ملک و قوم کے دفاع کو یقینی بنایا ہے، سرفراز بگٹی**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج اور کوئٹہ شہر کی خوبصورتی سے متعلق لئے جانے والے اقدامات سے متعلق ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل (بقیہ نمبر5 صفحہ نمبر2پر)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج پر پیش رفت سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

قادر خان، سیکرٹری مواصلات و تعمیرات لعل جان جعفر، کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات، پراجیکٹ ڈائریکٹر کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج رفیق احمد، ڈی جی کیو ڈی اے عسکر خان، اور اسپیشل سیکرٹری خزانہ اورنگزیب خان کاسی سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس کو پروجیکٹ ڈائریکٹر کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج رفیق احمد اور کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات نے کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج پر پیشرفت اور کوئٹہ شہر میں خوبصورتی سے متعلق لیے جانے والے اقدامات پر بریفنگ دی اجلاس میں شریک سیکرٹری مواصلات لعل جان جعفر نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کوئٹہ اندرون شہر میں سڑکوں کی بحالی جاری ہے اور بہت جلد تمام سڑکوں کی کارپٹنگ مکمل کر دی جائے گی اجلاس کو کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی جانب سے دی جانے والی بریفنگ میں بتایا گیا کہ ایئرپورٹ روڈ کوئٹہ کی خوبصورتی اور تزین و آرائش کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں اور اس حوالے سے وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت کے مطابق تمام متعلقہ امور کو عملی شکل دی جارہی ہے وزیراعلیٰ نے کوئٹہ شہر کی خوبصورتی اور خصوصاً ائرپورٹ روڈ پر کام کی سست روی پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ متعلقہ حکام کام کی رفتار کو تیز کریں وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ کوئٹہ شہر میں خوبصورتی کے غرض سے لگائے گئے مختلف تاریخی مجسموں اور پارکوں کو منشیات کے عادی افراد کے باعث نقصان پہنچتا ہے جس کے لیے ضروری ہے کہ منشیات بحالی مراکز کو فعال بنایا جائے انہوں نے ہدایت کی کہ سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اس سلسلے میں خصوصی اقدامات کرے اس سلسلے میں نجی رضا کارانہ طور پر کام کرنے والے افراد کا تعاون بھی حاصل کیا جائے وزیراعلیٰ نے کہا کہ متعلقہ منصوبوں کے لیے فنڈنگ کی کمی کا کوئی مسئلہ نہیں ہے لیکن اس امر کو یقینی بنانا ضروری ہے کہ متعین کردہ وقت میں متعلقہ کام کی تکمیل ہو انہوں نے ہدایت کی کہ شہر میں پیدا ہونے والے کچرے کو بروقت ٹھکانے لگایا جائے اور صفائی کا خاص خیال رکھا جائے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ صوبائی دارالحکومت ہے اور اس شہر کی خوبصورتی سے لگنا چاہئے کہ یہ واقعی ایک میٹروپولیٹن شہر ہے اجلاس میں کوئٹہ شہر میں واکنگ سٹریٹ کے قیام سے متعلق مختلف مجوزہ منصوبوں پر غور بھی کیا گیا اور اس حوالے سے جلد اقدامات اٹھانے پر اتفاق کیا گیا۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس میں صوبے میں لینڈ مافیاء کے خلاف کارروائی کی پیش رفت کا جائزہ اور چیف منسٹر کمپلینٹ سیل میں قبضہ مافیاء کے خلاف درج ہونے والی شکایات پر غور کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے لینڈ مافیاء کے خلاف آپریشن تیز کرنے کا حکم دیتے ہوئے قبضہ مافیاء سے تمام مقبوضہ اراضیات واگزار کرانے کی ہدایت کی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کوئی قانون سے بالاتر نہیں قبضہ گیروں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے اجلاس میں کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ چشمہ اچوزئی میں قبضہ مافیاء سے اراضی واگزار کرائی گئی اور چھ مساجد اور چار مدارس کے علاوہ تمام تجاوزات ہٹادی گئیں ہیں مقبوضہ اراضی پر دوبارہ تعمیرات کو روکا جارہا ہے اجلاس میں اراکین صوبائی اسمبلی، چیف سیکرٹری بلوچستان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ، آئی جی پولیس بلوچستان اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ڈی آئی خان کے علاقے درازندہ میں رات کی تاریکی میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی فورسز دہشت گردی کی عفریت سے نمٹنے کیلئے پوری بہادری سے لڑ رہی ہیں قومی سلامتی کی اس جنگ میں فورسز کے بہادر جوانوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے ملک و قوم کے دفاع کو یقینی بنایا ہے فرنٹیئر کانسٹیبلری کے جوانوں کی شہادت فورسز کی طویل قربانیوں کا تسلسل ہے پوری قوم اپنی سیکورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے اپنے جاری ایک بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے درازندہ میں جام شہادت نوش کرنے والے بہادر جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم کو اپنے شہداء پر فخر ہے جنہوں نے اپنی زندگی قوم کے لئے نچھاور کردی شہداء کی انہی لازوال قربانیوں کے باعث عالمی سازشوں کے باوجود وطن عزیز کی سلامتی اور تحفظ کو یقینی بنایا گیا ہے، میر سرفراز بگٹی نے شہداء کے خاندانوں سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وطن عزیز کا ہر فرد اپنے ان شہداء کے خون کے ہر قطرے کا مقروض ہے جنہوں نے اس دھرتی اور عوام کے لئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 28 | ہفتہ 26 اکتوبر 2024ء بمطابق 22 ربیع ثانیؒ 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 293


# جوانوں کی شہادت قربانیوں کا تسلسل ہے، سرفراز بگٹی

## وزیراعلیٰ بلوچستان کی ڈی آئی خان میں دہشتگردی کی مذمت، متاثرین سے اظہار یکجہتی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ڈی آئی خان کے علاقے درازندہ میں رات کی تاریکی میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی فورسز دہشت گردی کی عفریت سے نمٹنے کیلئے پوری بہادری سے لڑ رہی ہیں قومی سلامتی کی اس جنگ میں فورسز کے بہادر جوانوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے ملک وقوم کے دفاع کو یقینی بنایا ہے فرنٹیئر کانسٹیبلری کے جوانوں کی شہادت فورسز کی طویل قربانیوں کا تسلسل ہے پوری قوم اپنی سیکورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے اپنے جاری ایک بیان میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے درازندہ میں جام شہادت نوش کرنے والے بہادر جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم کو اپنے شہداء پر فخر ہے جنہوں نے اپنی زندگی قوم کے لئے نچھاور کردی شہداء کی انہی لازوال قربانیوں کے باعث عالمی سازشوں کے باوجود وطن عزیز کی سلامتی اور تحفظ کو یقینی بنایا گیا ہے، میر سرفراز بگٹی نے شہداء کے خاندانوں سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وطن عزیز کا ہر فرد اپنے ان شہداء کے خون کے ہر قطرے کا مقروض ہے جنہوں نے اس دھرتی اور عوام کے لئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔




کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبے میں مقبوضہ اراضیات کو واگزار کرانے سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سردار رضا محمد بڑیچ کے انتقال پر تعزیت وفاتحہ خوانی کر رہے ہیں

CamScanner

Bullet No. 1



وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی جانب سے دیئے گئے عشائیہ میں جے یو آئی کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع اور اراکین اسمبلی شریک ہیں

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال — چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 79 — ہفتہ 26 اکتوبر 2024ء 22 ربیع الثانی 1446ھ — صفحات 6 — قیمت 20 روپے — شمارہ 294

# لینڈ مافیا کے خلاف آپریشن تیز کیا جائے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

## صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کی ترقی اور خوبصورتی کے لئے تمام ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے، سرفراز بگٹی

## پاکستان کی فورسز دہشت گردی کی عفریت سے نمٹنے کیلئے پوری بہادری سے لڑ رہی ہیں

کوئٹہ (آن لائن، خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج اور کوئٹہ شہر کی خوبصورتی سے متعلق لئے جانے والے اقدامات سے متعلق ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکریٹری مواصلات و تعمیرات لعل جان جعفر، کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات، پراجیکٹ ڈائریکٹر کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج رفیق احمد، ڈی جی کیو ڈی اے عسکر خان، اور اسپیشل سیکرٹری خزانہ اورنگزیب خان کاسی سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس کو پروجیکٹ ڈائریکٹر کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج رفیق احمد اور کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات نے کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیج پر پیشرفت اور کوئٹہ شہر میں خوبصورتی سے متعلق لیے جانے والے اقدامات پر بریفنگ دی اجلاس میں شریک سیکرٹری مواصلات لعل جان جعفر نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کوئٹہ اندرون شہر میں سڑکوں کی بحالی جاری ہے اور بہت جلد تمام سڑکوں کی کارپٹنگ مکمل کر دی جائے گی اجلاس کو کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی جانب سے دی جانے والی بریفنگ میں بتایا گیا کہ ایئرپورٹ روڈ کوئٹہ کی خوبصورتی اور تزین و آرائش کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں اور اس حوالے سے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایت کے مطابق تمام متعلقہ امور کو عملی شکل دی جا رہی ہے وزیر اعلیٰ نے کوئٹہ شہر کی خوبصورتی اور خصوصا ائرپورٹ روڈ پر کام کی سست روی پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ متعلقہ حکام کام کی رفتار کو تیز کریں وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ کوئٹہ شہر میں خوبصورتی کے غرض سے لگائے گئے مختلف تاریخی مجسموں اور پارکوں کو منشیات کے عادی افراد کے باعث نقصان پہنچتا ہے جس کے لیے ضروری ہے کہ منشیات بحالی مراکز کو فعال بنایا جائے انہوں نے ہدایت کی کہ سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اس سلسلے میں خصوصی اقدامات کرے اس سلسلے میں نجی رضا کارانہ طور پر کام کرنے والے افراد کا تعاون بھی حاصل کیا جائے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ متعلقہ منصوبوں کے لیے فنڈنگ کی کمی کا کوئی مسئلہ نہیں ہے لیکن اس امر کو یقینی بنانا ضروری ہے کہ متعین کردہ وقت میں متعلقہ کام کی تکمیل ہو انہوں نے ہدایت کی کہ شہر میں پیدا ہونے والے کچرے کو بروقت ٹھکانے لگایا جائے اور صفائی کا خاص خیال رکھا جائے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ صوبائی دارالحکومت ہے اور اس شہر کی خوبصورتی سے لگنا چاہئے کہ یہ واقعی ایک میٹروپولیٹن شہر ہے اجلاس میں کوئٹہ شہر میں واکنگ سٹریٹ کے قیام سے متعلق مختلف مجوزہ منصوبوں پر غور بھی کیا گیا اور اس حوالے سے جلد اقدامات اٹھانے پر اتفاق کیا گیا۔ دریں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ڈی آئی خان کے علاقے درازندہ میں رات کی تاریکی میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی فورسز دہشت گردی کی عفریت سے نمٹنے کیلئے پوری بہادری سے لڑ رہی ہیں قومی سلامتی کی اس جنگ میں فورسز کے بہادر جوانوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے ملک و قوم کے دفاع کو یقینی بنایا ہے فرنٹیئر کانسٹیبلری کے جوانوں کی شہادت فورسز کی طویل قربانیوں کا تسلسل ہے پوری قوم اپنی سیکورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے اپنے جاری ایک بیان میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے درازندہ میں جام شہادت نوش کرنے والے بہادر جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم کو اپنے شہداء پر فخر ہے جنہوں نے اپنی زندگی قوم کے لئے نچھاور کر دی شہداء کی انہی لازوال قربانیوں کے باعث عالمی سازشوں کے باوجود وطن عزیز کی سلامتی اور تحفظ کو یقینی بنایا گیا ہے،



وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کوئٹہ شہر کی خوبصورتی اور کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج پر پیش رفت سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظا م علیٰ تعلقات عا مه
ومت بلو چستا ن

Balochistan Ti

92 NEWS MEDIA GROUP

Founded by

balochistantimes.pk @balochistan

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 898 QUETTA Saturday October 26, 2024 /Rabi' al- Thani 2

# CM Balochistan for expediting anti-encroachments drive to retrieve occupied land



**Staff Report**

**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti on Friday has ordered to expedite the operation against encroachments across the province and strengthen measures to retrieve the occupied land of the government.

In a meeting presided over by the Chief Minister Mir Sarfraz Bugti, the progress of the anti-encroachment and operation against land grabbers across the province was reviewed and the complaints registered against the occupation of land in the Chief Ministers Complaint Cell were considered.

The CM Balochistan ordered to speed up the anti-encroachment operation and directed to retrieve all the occupied lands from the land mafia. Bugti said that no one is above the law and action should be taken against the encroachers without any delay. In the meeting, Commissioner Quetta Division Hamza Shafqaat, while giving a briefing, said that the land in Chashma Achozai was retrieved from the occupation mafia and all the encroachments except six mosques and four madrasas have been removed. Members of Provincial Assembly, Chief Secretary Balochistan, Additional Chief Secretary Home, IG Police Balochistan and senior officials participated in the meeting.

Meanwhile, Chief Minister Balochistan Mir Sarfraz Bugti condemned the attack of Fitna-ul-Khawarij terrorists in Darazandah area of DI Khan. In this war, the brave soldiers of the forces have sacrificed their lives to ensure the defense of the country and the nation. The martyrdom of the soldiers of the Frontier Constabulary is a continuation of the long sacrifices of the forces, he added. CM Balochistan paid homage to the brave soldiers who lost their lives in Darzanda and said that the nation is proud of its martyrs who laid down their lives for the nation. Bugti expressed solidarity with the families of the martyrs and said that every member of the homeland owes every drop of blood of those martyrs who sacrificed their lives for the people and the homeland.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 26 OCT 2024

Page No. 11

## وزیر صحت کی مکران میڈیکل کالج کے مسائل فوری حل کرنیکی ہدایت

### میڈیکل کالجز میں طلباء کو بہترین تعلیمی ماحول فراہم کرنیکا حکومت کا مقصد ہے، بخت محمد کاکڑ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایت پر صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے مکران میڈیکل کالج کو درپیش مسائل کا فوری نوٹس لیتے ہوئے حل کے لئے فوری اقدامات کا اعلان کیا ہے۔ صوبائی وزیر نے مکران میڈیکل کالج میں آئے روز ہونے والے احتجاج اور طلباء کی شکایات پر کارروائی کرتے ہوئے کالج کے پرنسپل ڈاکٹر افضل خالق کو طلب کیا اور کالج کے مختلف مسائل خصوصاً طلباء کے مسائل پر تفصیلی گفتگو کی، جن میں صفائی کی ناقص صورتحال، ہاسٹل میں خوراک کی کوالٹی بہتر بنانے، لائبریری میں انٹرنیٹ کی سہولت اور تدریسی عملے کی کمی شامل ہے۔ صوبائی وزیر نے کالج میں جاری تعمیراتی کاموں کے لئے فوری فنڈز جاری کرنے اور تدریسی عملے کی کمی کو پورا کرنے کے لئے خالی اسامیوں کو فوری مشتہر کرنے کے احکامات بھی جاری کئے۔

## سیکورٹی فورسز بہادری سے دہشتگردوں کا مقابلہ کررہی ہیں، نور محمد دمڑ

### ڈی آئی خان میں ایف سی چیک پوسٹ پر حملہ ملک دشمن قوتوں کی سازش ہے، بیان

ہرنائی (نامہ نگار) مسلم لیگ ن کے صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے ڈیرہ اسماعیل خان میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کی جانب سے ایف سی چیک پوسٹ پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ چیک پوسٹ پر حملہ ملک دشمن قوتوں کی سازش ہے صوبائی وزیر نے شہداء کے بلند درجات اور لواحقین سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج اور سیکورٹی بہادری کے ساتھ دہشت گردوں کا مقابلہ کررہے ہیں اور عوام بھی اپنی افواج کے ساتھ کھڑے ہیں شہداء کی قربانیاں رائیگاں جانے نہیں دینگے۔

CamScanner

## صوبائی حکومت پولیو کے خاتمے کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھارہی ہے، چیف سیکرٹری

**ہم سب کو اس موذی وائرس کے خاتمے کے لئے ہراول دستے کا کردار ادا کرنا ہوگا، اجلاس**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت صوبے میں انسداد پولیو مہم کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں گزشتہ انسداد پولیو مہم کی پروگریس اور آنے والے مہم کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے چیف سیکرٹری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صوبے سے پولیو کا خاتمہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور صوبائی حکومت پولیو کے تدارک کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھا رہی ہے اور پولیو کا خاتمہ ممکن بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ علماء کرام، والدین، سول سوسائٹی اور میڈیا سے وابستہ افراد انسداد پولیو کی قومی مہم میں اپنا کردار ادا کرے کیونکہ یہ سب کا مشترکہ مسئلہ ہے اور ہم سب کو اس موذی وائرس کے خاتمے کے لئے ہراول دستے کا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پولیو ویکسین کے دو قطرے پلا کر ہمیں اپنے بچوں کو مستقل معذوری سے بچانا ہے بچے ہمارا مستقبل ہے اور ہم اپنے مستقبل کو تحفظ فراہم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پولیو مہم کو صحت مند پاکستان کے لئے کامیاب بنانا ہوگا اور پولیو مہم کی کامیابی کے لیے عوام ٹیموں سے بھرپور تعاون کرے۔ پولیو مہم میں حصہ لینے والی تمام ٹیموں کو فول پروف سیکورٹی فراہم کی جائے گی۔

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان صوبے میں انسداد پولیو مہم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## پولیو مہم کی کامیابی کیلئے عوام بھرپور تعاون کریں، چیف سیکرٹری

**ٹیموں کو فول پروف سیکورٹی فراہم کی جائے گی، پولیو مہم ہر صورت کامیاب اس میں کوئی لاپرواہی برداشت نہیں کی جائیگی، شکیل قادر خان**

**سب کو موذی وائرس کے خاتمے میں ہراول دستے کا کردار ادا کرنا ہوگا صرف دو قطرے پلا کر ہمیں اپنے بچوں کو مستقل معذوری سے بچانا ہے، اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت صوبے میں انسداد پولیو مہم کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد ہوا پولیو کا خاتمہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ علما کرام، والدین، سول سوسائٹی اور میڈیا سے وابستہ افراد انسداد پولیو کی قومی مہم میں اپنا کردار ادا کریں ہم سب کو اس موذی وائرس کے خاتمہ کیلئے ہراول دستے کا کردار ادا کرنا ہوگا پولیو ویکسین کے دو قطرے .........

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

پلا کر ہمیں اپنے بچوں کو مستقل معذوری سے بچانا ہے پولیو مہم کو صحت مند پاکستان کیلئے کامیاب بنانا ہوگا پولیو مہم کی کامیابی کیلئے عوام ٹیموں سے بھرپور تعاون کریں پولیو مہم میں حصہ لینے والی تمام ٹیموں کو فول پروف سیکورٹی فراہم کی جائے گی پولیو مہم کو ہر صورت کامیاب بنانا ہے کوئی لاپرواہی برداشت نہیں کی جائیگی پولیو قومی مسئلہ ہے اس کی تدارک کے لئے ہم سب نے اپنا کردار ادا کرنا ہے اس مہم میں ہم نے ایک ایک بچے تک پہنچنا ہے اور قطرے پلانے ہیں۔ انکاری والدین کو قائل کرنے میں انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں کیونکہ یہ پورے معاشرے کا مشترکہ مسئلہ ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 26 OCT 2024 Page No. 15


# سیکیورٹی اداروں کا کام بزنس کمیونٹی کی راہ میں رکاوٹیں ڈالنا نہیں، وفاقی سیکرٹری داخلہ

## قانونی تجارت کی راہ میں رکاوٹیں ناقابل برداشت ہیں، سیکیورٹی اداروں کا کام صرف عوام اور بزنس کمیونٹی کو تحفظ فراہم کرنا ہے

**مستند انٹیلی جنس رپورٹ کی روشنی میں کارروائی درست اقدام ہے مگر بے جا مال بردار گاڑیوں کو روکنا قبول نہیں، اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (آئی این پی) وفاقی سیکرٹری داخلہ کیپٹن (ر) محمد خرم آغا نے کہا ہے کہ سیکورٹی اداروں کا کام قانونی تجارت کی راہ میں رکاوٹ ڈالنا نہیں بلکہ عوام اور بزنس کمیونٹی کو جان و مال کا تحفظ فراہم کرنا ہے، قانونی تجارت کی راہ میں رکاوٹیں ناقابل برداشت ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز منعقدہ اجلاس کے شرکا سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ممبر کسٹمز آپریشن محمد جنید جلیل خان، چیف کلکٹر کسٹمز بلوچستان یعقوب ماکو، کلکٹر کسٹمز اپریزمنٹ جمیل بلوچ، ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کے صدر محمد ایوب مریانی اور ایف سی نارتھ و ساؤتھ زونز کے نمائندوں نے شرکت کی۔ چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال کی ہدایت پر منعقدہ اجلاس میں چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے صدر محمد ایوب مریانی نے بتایا

بقیہ نمبر23 صفحہ 5 پر

کہ بلوچستان میں محکمہ کسٹمز سے کلیئر اور ڈیوٹی پیڈ مال بردار گاڑیوں کو ملتان، لاہور، فیصل آباد اور حیدرآباد کسٹمز کلکٹریٹ کی جانب سے بے جا روک کر انہیں سیز کیا جاتا ہے البتہ بعد میں گاڑیوں میں موجود مال کلیئر قرار دیا جاتا ہے تاہم گاڑیاں روکے جانے سے نہ صرف بلوچستان کے امپورٹرز اور ایکسپورٹرز کو مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے بلکہ انہیں مختلف شہروں میں ناحق پریشانیاں بھی جھیلنا پڑتی ہے جس پر وفاقی سیکرٹری داخلہ کیپٹن (ر) محمد خرم آغا نے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے آفیسران اور اہلکاروں کا کام شاہراہوں پر عوام اور بزنس کمیونٹی کو تحفظ فراہم کرنا ہوتا ہے نا کہ قانونی تجارت کی راہ میں رکاوٹ ڈالنا، انہوں نے کہا کہ مستند انٹیلیجنس رپورٹ کی روشنی میں کارروائی درست اقدام ہے مگر بیجا مال بردار گاڑیوں کو روکنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ ممبر کسٹمز آپریشن محمد جنید جلیل خان نے بتایا کہ کسٹمز ڈیوٹی پیڈ گاڑیوں کو بلاوجہ روکنے والوں کے خلاف فوری کارروائی کی جائے گی۔

# بلوچستان بھر میں انسداد پولیو کی مہم 28 اکتوبر سے شروع ہوگی

**مہم کے دوران 26 لاکھ، 55 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان بھر میں انسداد پولیو کی مہم 28 اکتوبر سے شروع ہوگی، مہم کے دوران 26 لاکھ، 55 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ ایمرجنسی آپریشن سینٹر برائے انسداد پولیو حکام کے مطابق صوبہ کے تمام 36 اضلاع میں 28 اکتوبر سے شروع ہونے والے مہم کی تیاریاں مکمل ہیں، انسداد پولیو مہم میں 11 ہزار سے زائد ٹیمیں حصہ لیں گی، پولیو مہم سات روز تک جاری رہے گی

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ پولیو قومی مسئلہ ہے اس کی تدارک کے لیے ہم سب نے اپنا کردار ادا کرنا ہے، اس مہم میں ہم نے ایک ایک بچے تک پہنچنا ہے اور قطرے پلانے ہیں، بلوچستان میں رواں سال پولیو وائرس کے 20 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، ان میں 6 کیسز ضلع قلعہ عبداللہ اور 3 کیسز کوئٹہ سے رپورٹ ہوئے ہیں، پشین، چمن اور ژوب سے دو، دو کیسز جبکہ ڈیرہ بگٹی، جھل مگسی

بقیہ نمبر 13 صفحہ 5 پر

، قلعہ سیف اللہ، خاران اور نوشکی سے ایک، ایک کیس رپورٹ ہوا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated 26 OCT 2024

Page No. 17

## زرعی ٹیوب ویلز کی شمسی توانائی پر منتقلی مثبت آغاز ہے، ن لیگ

**وزیراعظم کا بلوچستان کے عوام کے ساتھ ایک اور وعدہ وفا ہو گیا، جمال شاہ کاکڑ**

کوئٹہ (پ ر) مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کا بلوچستان کے عوام کے ساتھ ایک اور وعدہ وفا ہو گیا زمینداروں کے زرعی ٹیوب ویلز کی شمسی توانائی پر منتقلی کے منصوبے کو عملی جامہ پہنا دیا گیا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے پشین میں باقاعدہ منصوبہ کا آغاز کر دیا جس کے زرعی شعبے پر انتہائی مثبت اثرات مرتب ہوں گے انہوں نے بیان میں کہا کہ زمینداروں کو ان کی محنت و جدوجہد کا پھل مل گیا بلوچستان میں مخلوط حکومت کی جانب سے زرعی ٹیوب ویلز کی شمسی توانائی پر منتقلی کا منصوبہ زمینداروں کیلئے قیمتی تحفہ ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## سردار اختر مینگل پر مقدمہ بلوچستان کیلئے منفی پیغام ہے، رضا ربانی

**پارلیمنٹ کا کام اپنے اراکین کے خلاف مجرمانہ مقدمات درج کرانا نہیں، رہنما پی پی**

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سابق چیئرمین سینٹ اور رہنما پیپلز پارٹی رضا ربانی نے کہا ہے پارلیمنٹ کا کام اپنے اراکین کے خلاف مجرمانہ مقدمات درج کرانا نہیں، ........

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

رضا ربانی نے اپنے بیان میں کہا اختر مینگل پر انسداد دہشتگردی ایکٹ کے تحت ایف آئی آر کا اندراج قابل مذمت ہے، سینٹ سیکرٹریٹ کا جھوٹی ایف آئی آر میں کوئی کردار نہیں ہونا چاہیے تھا، حکومت کو سیاسی ہم آہنگی کو فروغ دینا چاہیے، زخموں پر مرہم رکھنا چاہیے، سیاسی تقسیم جمہوری عمل کیلئے نقصان دہ ہے یہ بلوچستان کیلئے بھی منفی پیغام ہے، بلوچستان میں سیاسی عدم استحکام اور دہشت گردی کے واقعات ہو رہے ہیں، قومی سیاسی مکالے کی ضرورت وقت کا تقاضہ ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 26 OCT 2024

Page No. 8


## باغبانہ، موٹرسائیکل چھیننے کے دوران مزاحمت پر فائرنگ ایک شخص قتل

خضدار (بیورو رپورٹ) باغبانہ میں موٹرسائیکل چھیننے کے دوران مزاحمت پر فائرنگ ایک شخص قتل چور موٹرسائیکل لے اڑے تفصیلات کے مطابق باغبانہ باجوئی ......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

لنک روڈ پر چوری کی واردات میں مزاحمت پر ایک شخص قادر بخش غلامانی قتل چور موٹرسائیکل لے اڑ یا غبانہ لیویز مختلف زاویوں سے پیش آنے والے واقعہ کی تحقیقات کررہے ہیں۔

## لیویز فورس خضدار کی کاروائی اشتہاری ملزم گرفتار کر لیا

خضدار (بیورو رپورٹ) لیویز فورس خضدار کا اشتہاری ملزموں کے خلاف تابڑ توڑ کاروائی جاری باغبانہ لیویز فورس نے اشتہاری ملزم کو ڈرامائی انداز میں گرفتار کرلیا ملزم پر ایک شخص کو گولی مار کر زخمی کرنے کی کیس ہیں مزید تفتیش جاری تفصیلات کے مطابق ڈپٹی ......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی کے احکامات کی روشنی میں لیویز فورس خضدار کی جانب سے اشتہاری ملزماں کے خلاف کاروائی جاری ہیں لیویز انچارج باغبانہ ظہور احمد موسیانی ایس ایچ او شاہد اسلم محرر عمران باجوئی کی سربراہی میں لیویز فورس نے کاروائی کرتے ہوئے مقدمہ نمبر 2024/40 بجرم زیر دفعہ 324-147-148-149 ت پ میں نامزد اشتہاری ملزم عبدالجبار ولد عبدالغفور سکنہ باجوء کو گرفتار کرلیا ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے لیویز فورس خضدار جرائم پیشہ افراد اشتہاری مفرور ملزمان کے گرد گھیرا تنگ کر کے انہیں قانون کے کٹہرے میں لا کر کھڑا کرینگے۔


INTEKHAB QUETTA


## لورالائی، لیویز کی گاڑی اور ٹرک میں تصادم کے نتیجے میں تین اہلکار زخمی

لورالائی (آن لائن) لیویز کی گاڑی اور ٹرک میں تصادم کے نتیجے میں تین اہلکار زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل میختر کے علاقہ چچلو چیک پوسٹ کے قریب لیویز کی گاڑی اور ٹرک میں تصادم کے نتیجے میں لیویز کیو آر ایف کے تین سپاہی زخمی لیویز کی گاڑی صبح پانچ بجے میختر سے چیکنگ کے لیے گئی تھی چیکنگ کے لئے اس گاڑی کے ساتھ کوئی آفیسر یا لیویز انچارج نہیں تھا صرف کیو آر ایف کے سپاہی گاڑیوں کی چیکنگ کرنے گئے تھے انکی گاڑی کو حادثہ پیش آ گیا۔

## پنجگور میں نامعلوم مسلح افراد نے ایک شخص سے موٹر سائیکل اور نقدی چھین لی

پنجگور (این این آئی) پنجگور شہری سے گن پوائنٹ پر موٹر سائیکل چھین لی گئی رہزنی کا یہ واقعہ خدابادان اور چتکان کے درمیان بقیہ نمبر 28 صفحہ 5 پر

حفاظتی بند کے قریب پیش آیا جہاں نامعلوم مسلح رہزنوں نے شریف نامی شخص سے اس کی 70 سی ڈی موٹر سائیکل موبائل فون اور نقدی چھین کر فرار ہوگئے شریف ٹرانسپورٹ کمپنی میں مزدور ہے جو آج صبح ٹرمینل جارہا تھا کہ نامعلوم رہزنوں نے اسے لوٹ لیا۔


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 26 OCT 2024 Page No. 18


## زہری میں واپڈا کی ظلم وزیادتیاں حد سے بڑھ گئی ہے

### آٹھ دنوں سے پورے زہری کے فیڈروں کی بجلی مکمل بند کی ہے

خضدار (بیورو رپورٹ) زہری میں واپڈا کی ظلم وزیادتیاں حد سے بڑھ گئی ہے واپڈا آٹھ دنوں سے پورے زہری کے فیڈروں تلاوان رحیم آباد، مشک سرآپ چشمہ دوگن، ترالکان گلیزر کی فیڈر مکمل بند کی ہے اور لوگ پینے کی پانی کے حصول سے محروم ہیں علاقہ کے تمام سیاسی جماعتوں کا رویہ بھی عوام کے ساتھ درست نہیں ہے کبھی بھی علاقہ کے اجتماعی مسلپر آواز نہیں آٹھائی ہیاس طرح کسی بھی ڈسٹرکٹ یا تحصیل میں ایسی ظلم زیادتیاں نہیں ہو پارہی ہے جو کہ زہری کے عوام کے ساتھ ہو رہا ہے ان خیالات کا اظہار زہری کے عوامی حلقوں نے خضدار کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا اس وقت زہری عوام کو بجلی کی بلاجواز بندش کا سامنا کرنا پڑ رہا ہیں یہاں عوام کی روزمرہ زندگی کاروبار بجلی سے منسلک ہیں جو اپنے روزگار کیا کرتے ہیں اور واپڈا حکام زہری کیصارفین کے بنیادی مسائل کو مدنظر رکھ کر بجلی کی سہولتیں فراہم کیئے جائیں زہری کے عوامی حلقوں نے سابق وزیر اعلی بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری ودیگر سے پرزور اپیل کی ہے کہ خدارا زہری عوام کو بجلی کی فراہمی کو یقینی بنائی

## اوستہ محمد، نصیرآباد ڈویژن میں پولیس فورس جدید سہولیات سے محروم

### تمام تر مشکلات کے باوجود پولیس کی کارکردگی بلوچستان بھر سے نمایاں ہے

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) اوستا محمد سمیت نصیرآباد ڈویژن میں پولیس فورس جدید سہولیات سے محروم پولیس گشت کے لیے گاڑیاں ناپید ہو چکی ہے تمام تر مشکلات کے باوجود نصیراباد ڈویژن کی پولیس کی کارکردگی بلوچستان بھر سے نمایاں ہے بلوچستان کی مدہوش صورتحال کے پیش نظر بلوچستان حکومت اور وفاقی حکومت سمیت وزیراعلی بلوچستان چیف سیکرٹری بلوچستان ائی جی پولیس بلوچستان کو ہنگامی بنیادوں پر پولیس فورس کو سہولیات سمیت پولیس گشت کے لیے گاڑیوں کی فراہمی کو یقینی بنانا ہوگا امن وامان کی قیام اور میرٹ کے تحت پولیس فورس میں بھرتیاں ڈی ائی جی پولیس نصیراباد ایاز بلوچ اور ایس پی اوستا محمد انور بادینی کی کاوشوں سے ممکن ہوئی ڈی ائی جی ایاز بلوچ کی کارکردگی سے چند مفاد پرست ٹولہ بوکھلاٹ کا شکار ہے نصیراباد ڈویژن کی سرزمین جرائم پیشہ عناصر کے لیے پولیس فورس نے تنگ کردی ہے ڈی ائی جی ایاز بلوچ ایس پی اوستا محمد محمد انور بادینی خراج تحسین کے مستحق ہیں اوستا محمد کے سیاسی وسماجی رہنماؤں کامریڈ عبدالرزاق مینگل جان زیب بلوچ امید علی مینگل جمیل احمد جمالی گلشیر خان رند محمد صالح اورنگزیب بلوچ اور اقلیتی رہنما راہل کمار نے مشرق سروے رپورٹ سے بات چیت

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 26 OCT 2024 Page No. 20

## سروس ڈیلیوری کے نظام میں بہتری: وزیراعلیٰ بلوچستان پرعزم!!

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت صوبے میں تین اہم منصوبوں کا افتتاح کرتے ہوئے اپنے اس عزم کا ایک بار پھر اعادہ کیا ہے کہ ان کی قیادت میں موجودہ صوبائی حکومت سروس ڈیلیوری کے نظام میں بہتری، اچھی طرز حکمرانی کو یقینی بنائے گی اور حکومتی اقدامات کے نتیجے میں صوبے میں جاری ترقی کے ثمرات عام عوام تک پہنچیں گے۔ جن منصوبوں کا وزیراعلیٰ نے افتتاح کیا ہے ہم ان کی اہمیت وافادیت کی تفصیل میں نہیں جاتے البتہ وزیراعلیٰ کے اظہار خیال کا ضرور تذکرہ کریں گے انہوں نے کہا ہے کہ حکومت اپنے عوام دوست مشن پر گامزن رہے گی بات چیت کے لئے تیار ہیں مگر بلیک میل کسی سے نہیں ہوں گے مافیا کا خاتمہ کریں گے کسی کو عوامی سہولیات میں رخنہ ڈالنے کی اجازت نہیں دیں گے، وزیراعلیٰ کا عزم قابل ستائش ہے میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں موجودہ مخلوط صوبائی حکومت جہاں ایک طرف صوبے کے دیرینہ عوامی مسائل کے حل کے لئے دیگر اقدامات اور منصوبوں پر کام کر رہی ہے وہاں وزیراعلیٰ اور ان کی ٹیم بارہا سروس ڈیلیوری کے نظام میں خاطرخواہ بہتری اور صاف و شفاف وعوام دوست طرز حکمرانی کے قیام کو یقینی بنانے کے حوالے سے بھی متعدد بار دوٹوک اقدامات کا عزم ظاہر کر چکے ہیں آٹھ فروری کے عام انتخابات کے بعد حکومت سازی کے ابتدائی مراحل طے پانے کے بعد میر سرفراز بگٹی وزیراعلیٰ منتخب ہوئے تو ابھی انہوں نے کابینہ بھی تشکیل نہیں دی تھی اس دوران انہوں نے مختلف سرکاری دفاتر وہسپتالوں کے دوروں، ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لینے کے موقع پر اور اسمبلی فلور سمیت میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کے مواقع پر اس بابت دوٹوک اقدامات کا عزم ظاہر کیا اور کہا کہ وہ بلوچستان کے دیرینہ عوامی مسائل کے حل کے لئے نہ صرف خود کردار ادا کریں گے اور بہتر طرز حکمرانی کو یقینی بناتے ہوئے سروس ڈیلیوری کے نظام میں بہتری لائیں گے بلکہ اس حوالے سے اتحادی جماعتوں اور اپوزیشن کو بھی ساتھ لے کر چلیں گے اور اگر ضرورت پڑی تو وفاق میں بھی جا کر حکام سے ملاقاتیں کریں گے اور ایسے اقدامات کو یقینی بنائیں گے جن کی بدولت صوبے کے عوام بہتری اور تبدیلی محسوس کریں ہم نے مشرق کے انہی صفحات اور انہی سطور میں پہلے بھی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے اس عزم کو سراہا ہے آج بھی ہم یہی کہتے ہیں کہ بلوچستان کے بہت سارے مسائل بہتر اور شفاف طرز حکمرانی کی بدولت اپنے آپ حل ہو جائیں گے بدقسمتی یہ ہوئی کہ ماضی میں آنے والی حکومتوں نے اس حوالے سے وقت کی ضرورتوں سے ہم آہنگ اقدامات نہیں اٹھائے جانے انجانے میں لاتعلقی برتی گئی، وقتی گزاری کی گئی اور بعض شعبوں پر توجہ دے کر بعض شعبوں اور امور کو یکسر ہی نظرانداز کر دیا گیا اس کا نتیجہ ہمارے سامنے ہے کہ آج بلحاظ رقبہ ملک کا سب سے بڑا اور اہم صوبہ گوناگوں مسائل سے دوچار ہے ان مسائل کے حل کے لئے حکومت اور اپوزیشن بینچوں پر بیٹھے اراکین اسمبلی، تمام سیاسی جماعتوں، میڈیا، سول سوسائٹی غرض تمام طبقات اور بھی اسٹیک ہولڈرز کا فرض عین ہے کہ وہ بلوچستان کے دیرینہ عوامی مسائل کے حل، سروس ڈیلیوری کے نظام میں موثر تبدیلی و بہتری لانے کے اس سفر میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا ساتھ دیں بلوچستان اگرچہ رقبے کے لحاظ سے وسیع و عریض صوبہ ہے یہاں کی آبادی کم ہے اور پھیلی ہوئی ہے اور باقی صوبوں کے مقابلے میں غربت وپسماندگی کافی زیادہ ہے کسی زمانے میں صوبے کے پاس وسائل کی کمی ہوا کرتی تھی مگر اب گزشتہ دس بارہ برسوں کے دوران صوبے کے وسائل بڑھے ہیں بس وسائل کے استعمال کو درست سمت دینے اور ساتھ ہی گورننس کے نظام کو موثر، عوام دوست، صاف اور شفاف بنانے کی ضرورت ہے صوبے کے دور دراز علاقوں میں اکیسویں صدی کے اس جدید دور میں بھی صحت وتعلیم اور آبنوشی سمیت دیگر بنیادی مسائل موجود ہیں ان مسائل کا حل ہو یا پھر چھوٹے بڑے دیگر پائیدار اہداف کا حصول اچھی اور موثر طرز حکمرانی خاطرخواہ اور کلیدی کردار ادا کرے گی۔ کوئٹہ بلوچستان کا مرکزی شہر ہے بلوچستان کو صوبے کا درجہ ملنے کے بعد یہاں شہری منصوبہ بندی جس انداز میں ہونی تھی نہیں ہوئی اس دوران شہر کی آبادی میں تو اضافہ ہوتا گیا مگر شہری سہولیات کی فراہمی، بہتر اور ماسٹر پلاننگ نہ ہونے کے باعث چھوٹے چھوٹے مسائل بھی بڑھ کر گھمبیر وسنگین رخ اختیار کر گئے ٹریفک کے مسائل پارکنگ پلازوں کی بدولت کافی حد تک حل ہوں گے تاہم کوئٹہ میں صرف بے ہنگم ٹریفک ہی مسئلہ نہیں ٹریفک کے بے ہنگم نظام سے لے کر ابلتی نالیوں، کوڑے کرکٹ کے ڈھیر، خراب سٹریٹ لائٹس، فٹ پاتھوں پر قائم تجاوزات، سڑکوں کی توڑ پھوڑ تک بہت سارے مسائل ہنوز حل طلب ہیں اسی طرح سہولیات کی بات ہو تو اتنے بڑے صوبے میں ماضی میں وفاق اور صوبائی حکومت کی جانب سے خطیر رقومات خرچ ہونے کے باوجود نہ تو جدید آئی ٹی پارکس ہیں نہ اچھے انڈسٹریل زونز، سیر وتفریح بلوچستان میں تھوڑی سی توجہ سے سب سے بڑی صنعت بن سکتی ہے کیونکہ بلوچستان قدرتی مناظر سے مالا مال ہے اسی طرح زراعت، ماہی گیری، لائیوسٹاک کے شعبوں سے لے کر توانائی اور متبادل توانائی تک بلوچستان میں ہر شعبے میں مواقع بھی ہیں امکانات بھی مگر سرمایہ کاری کا خاطرخواہ فروغ ممکن ہو سکا اور نہ ہی صنعت وتجارت کی روزافزوں ترقی ہو سکی یہاں کے نوجوانوں کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے بہت ساری خوبیوں اور صلاحیتوں سے مالا مال کیا ہے ان کے لئے مثالی تعلیمی اداروں کی کمی ہے نوجوانوں کو بے روزگاری کی عفریت کا سامنا ہے غرض مسائل تو بہت ہیں مگر ہم مایوس نہیں کیونکہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی ان مسائل سے نمٹنے کے لئے نہ صرف یہ کہ پرعزم ہیں بلکہ وہ عملی طور پر کوشاں بھی ہیں اور گزشتہ چند مہینوں کے دوران انہوں نے سلگتے عوامی مسائل کے حل کے لئے نمایاں اقدامات اٹھائے ہیں ٹیوب ویلوں کی سولرائزیشن ہو یا پھر نوجوانوں کو بیرون ملک ملازمتوں کے لئے بھیجنے کا منصوبہ موجودہ صوبائی حکومت نے قلیل عرصے میں نمایاں کارکردگی دکھائی ہے ہمیں امید ہے کہ صوبائی حکومت اسی تندہی کے ساتھ صوبے کے دیرینہ مسائل کے حل، عوام کے اعتماد کی پختگی، ترقیاتی عمل میں تیزی، سروس ڈیلیوری کے نظام میں جدت، اصلاح و بہتری کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی اور کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرے گی تاوقتیکہ بلوچستان کی تعمیر وترقی اور عوام کی خوشحالی کے دیرینہ اہداف کا حصول ممکن ہو اور کئی عشروں سے غربت وپسماندگی کا شکار صوبہ ترقی کے سنگ میل عبور کرے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 26 OCT 2024 Page No. 21

# اختر مینگل پر دہشت گردی کا مقدمہ، آمریت کی یاد تازہ

وفاقی حکومت کی جانب سے بی این پی (مینگل) کے سربراہ سردار اختر مینگل سمیت 5افراد کے خلاف دہشت گردی کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا ہے اوران کے ایک ساتھی کو گرفتار بھی کرلیا ہے۔ مقدمے کے متن کے مطابق اختر مینگل نے دیگر افراد کے ہمراہ مسلح ہو کر سینٹ ہال میں زبردستی گھسنے کی کوشش کی۔ حکومت جو پہلے ہی کسی اور کے اشاروں پر چل رہی ہے اوراب تک جتنے ہتھکنڈے آزمائے ہیں سب ناکام ہوئے ہیں، اسے مزید نیا پنڈورا باکس کھولنے کی ضرورت نہیں تھی، وہ بھی ایک ایسی سیاسی جماعت کے خلاف جس کا تعلق بلوچستان سے ہے۔ اس سے قبل پختونوں کے جرگے کے معاملے پر وفاقی حکومت اور طاقتور حلقوں نے حال ہی میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے پیر پکڑے ہیں۔ ایسے موقع پر یہ نیا محاذ کھولنے کی کیوں ضرورت پیش آگئی اس کا اندازہ آئندہ چند روز میں ہوجائے گا اوراس محاذ پر بی این پی مینگل کیا حکمت عملی اپناتی ہے اس کا بھی جلد پتہ چل جائے گا، فی الحال پارٹی نے اس مقدمے کی سخت مذمت کی ہے۔

سردار اختر مینگل سینٹ میں پانچ روز قبل گئے تھے پھر یہ مقدمہ اب کیوں درج کیا گیا ہے، اس کے پیچھے ان کے ایک بیان کا بڑا عمل دخل ہے، جس میں انہوں نے کہا تھا کہ ہم اب سیاست میں نوجوانوں کے ساتھ ہیں۔ حکومت کے لیے اس وقت سب سے بڑا مسئلہ یہ نوجوان ہی بنے ہوئے ہیں، چاہے وہ بلوچ نوجوان ہوں یا پنجاب اور خیبر پختونخواہ کے پی ٹی آئی کے کارکنان، حکومت نے بڑے بڑے پرانے سیاستدانوں کو یا تو خرید لیا یا پھران کے بیوی بچوں کو اغوا کروا کر اپنے ساتھ ملا لیا لیکن اگر وہ ناکام ہورہی ہے تو وہ اس نوجوان قیادت کے سامنے ہی ہورہی ہے، ان کے سامنے وہ ہتھیار ڈالنے پر مجبور ہے، جو تشدد سہنے کے باوجود باز نہیں آرہے اور نہ ہی اغوا کرکے ان کی زبان بند کروا جاسکی ہے، جس کی واضح مثال نوجوان صحافی، شاعر اور پی ٹی آئی کارکنان ہیں جو متعدد بار اغوا کیے گئے، تین تین ماہ تشدد برداشت کرتے رہے لیکن باہر آنے کے بعد انہوں نے وہیں سے سیاست شروع کی جہاں چھوڑ کر گئے تھے اور آج بھی اپنے موقف پر ڈٹے ہوئے ہیں۔ اب اگر ان نوجوانوں کے ساتھ سردار اختر مینگل اور دیگر سینئر قیادت کھڑی ہوجاتی ہے تو پھر ان کی طاقت کو توڑنا تو درکنار ان کو دبانا بھی حکومت کے بس میں نہیں رہے گا۔ یہی وہ خوف ہے جس کے تحت حکومت نے آمرانہ دور کی یاد تازہ کرتے ہوئے سیاسی جماعتوں کے خلاف مسلسل کریک ڈاؤن شروع کر رکھا ہے۔

ن لیگ اور پیپلز پارٹی دونوں سیاسی جماعتوں کو شاید اب یقین ہوگیا ہے کہ وہ کبھی عوامی طاقت سے اقتدار میں نہیں آسکیں گے اس لیے وہ طاقتور افراد کے اشاروں پر سر تسلیم خم کیے ہوئے ہیں۔ ان کا ماضی اتنا بھیانک ہوچکا ہے کہ اب وہ کسی آمر تو دور کسی ریاستی ادارے کے معمولی افسر سے بھی اٹکنے کا حوصلہ نہیں رکھتے۔ دونوں جماعتوں کی اپنی مجبوریاں ہیں، ایک پارٹی کے سربراہ بیرون ملک جانے کے لیے بے تاب نظر آتے ہیں اور دوسری جماعت اپنے سربراہ کو وزارت عظمیٰ دلوانا چاہتی ہے لیکن شاید دونوں جماعتوں کو اندازہ نہیں ہے کہ جوں ہی معاملات طاقتوروں کے ہاتھوں سے نکلے تو بلی کا بکرا کون بنے گا؟ ماضی میں بھی جب ملک دولخت ہوا تو اس وقت آمریت کی گود میں پلنے والے نام نہاد سیاسی رہنما کو اقتدار منتقل کردیا گیا اور مختصر عرصے بعد ہی اسے نشان عبرت بھی بنا دیا گیا۔ لہٰذا حکمرانوں کو ہوش کے ناخن لینے چاہئیں اور ایسے مقدمات سے گریز کرنا چاہیے جس سے سیاسی جماعتوں کا جمہوریت سے اعتماد ہی اٹھ جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: روزنامہ بلوچستان ٹائمز

Buliet No. 6 Dated: 26 OCT 2024 Page No. 22

## عوامی مسائل اور بہتر منصوبہ بندی، وزیراعلیٰ بلوچستان کا دوٹوک عزم!!

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز تین اہم منصوبوں کا افتتاح کیا ہے اور یہ منصوبے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت ہیں جن میں ماؤنٹین ویوٹیک پارک مری آباد، سرکلر روڈ انٹی گریٹڈ پارکنگ پلازہ اور ایل پی جی ٹیکنیکل لیبارٹری تفتان کے منصوبے شامل ہیں، مری آباد میں پندرہ سال سے تعمیر شدہ بلڈنگ میں بلوچستان کے پہلے آئی ٹی پارک کا قیام عمل میں لایا گیا ہے افتتاحی تقریب کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ماؤنٹین ویوٹیک پارک میں ایک ہزار نوجوانوں کو آئندہ چھ ماہ میں ہنرمند بنا کر برسر روزگار بنایا جائے گا صوبے میں ایسی کئی عمارات ہیں جن کو تعمیر کر کے چھوڑ دیا گیا یہ پارک بھی ایک ایسی بلڈنگ میں تعمیر کیا گیا ہے جو پندرہ سال قبل تعمیر کی گئی تھی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے آئی ٹی پارک کی تجویز دی جس کو قابل عمل بناتے ہوئے صوبائی حکومت نے فنڈز کا اجراء کیا اب یہ فعال ہونے جارہا ہے اس آئی ٹی پارک میں 67 دفاتر ہوں گے یہ منصوبہ نوجوانوں کو آئی ٹی کے شعبے میں مختلف مہارتوں سے روشناس کروائے گا جس سے روزگار کے مواقع بڑھیں گے، حکومت سرکاری شعبے میں ہر نوجوان کو ملازمت نہیں دے سکتی تاہم نوجوانوں کو باعزت روزگار کے مواقع دیں گے او زیراعلیٰ بلوچستان نے سرکلر روڈ انٹی گریٹڈ پارکنگ پلازہ کی افتتاحی اور ایل پی جی ٹیکنیکل لیبارٹری چمن کے قیام کے لئے باہمی سمجھوتے کی دستاویزات پر دستخط کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ الحمدللہ قومی و پارٹی لیڈر شپ اور عوام سے کی گئی کمٹمنٹ پر پورے اترتے ہوئے چھ ماہ میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت تین بڑے منصوبوں کا آغاز کر دیا گیا ہے ان کا کہنا تھا کہ مختلف شعبوں میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں تا کہ عوام کو بہتر سروس ڈیلیوری یقینی بنائی جاسکے اسی طرح جو تیسرا منصوبہ ہے یعنی سرکلر روڈ انٹی گریٹڈ پارکنگ پلازے کا تو یہ منصوبہ بھی ایک انتہائی اہمیت کا حامل عوامی منصوبہ ہے کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی جانب سے وزیراعلیٰ کو دی گئی بریفنگ کے مطابق اس پارکنگ پلازہ کا شمار دنیا کے جدید ترین پارکنگ پلازہ میں ہوگا جہاں نمبر کے مطابق ڈیجیٹل پارکنگ کی سہولیات فراہم ہوں گی۔ اس منصوبے پر حکومت کا ایک روپیہ خرچ کئے بغیر ابتدائی دورانیے میں ستر لاکھ روپے سے زائد کی آمدن ہوئی اس پارکنگ پلازہ میں چھ سو گاڑیاں پارک کی جاسکیں گی اور یہ دبئی اور جدید ممالک کی طرز پر بنایا گیا ہے یہ پارکنگ پلازہ کوئٹہ میں ٹریفک کے مسائل کا حل ثابت ہوگا سب سے پہلے تو ہم ان اہم منصوبوں کے افتتاح پر وزیراعلیٰ بلوچستان اور ان کی پوری ٹیم کو مبارکباد دیتے ہیں اور خراج تحسین پیش کرتے ہیں ساتھ ہی یہاں وزیراعلیٰ کے اس عزم کا بھی ذکر ہم ضروری سمجھتے ہیں جو اگرچہ وزیراعلیٰ نے پہلی دفعہ نہیں کیا بلکہ پہلے بھی وزیراعلیٰ نے اسی عزم کا اظہار کیا ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت مختلف شعبوں میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کی حوصلہ افزائی اس بناء پر کررہی ہے کہ سروس ڈیلیوری کے نظام کو بہتر بنایا جائے وزیراعلیٰ نے اس موقع پر مختلف شعبوں میں موجود ان مٹھی بھر عناصر کا بھی ذکر کیا اور انہیں مافیا قرار دیا جو عوامی مسائل کے حل کی راہ میں روڑے اٹکاتے ہیں وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ مختلف شعبوں میں موجود مافیا سہولیات کی فراہمی میں رکاوٹیں کھڑی کرتے ہیں تاہم ایسی تمام حائل رکاوٹوں کو دور کرتے ہوئے اپنے مشن پر گامزن رہیں گے، مختلف یونینز سے بات چیت کے لئے تیار ہیں تاہم ہڑتالوں سے بلیک میل نہیں ہوں گے مافیا کا خاتمہ کریں گے کسی کو عوامی سہولیات میں رخنہ ڈالنے کی اجازت نہیں دیں گے اور مفاد عامہ کے منصوبوں میں کوئی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی اس موقع پر وزیراعلیٰ نے ایئرپورٹ روڈ سے زرغون روڈ تک زیر تکمیل ترقیاتی منصوبے کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ یہ منصوبہ چھ ماہ میں مکمل ہوجائے گا اور اس کی بدولت شہری خوبصورتی میں بھی اضافہ ہوگا اور باہر سے انے والے لوگ بھی اس سے اچھا تاثر لے کر جائیں گے حقیقت بھی یہی ہے کہ اس طرح کے منصوبوں سے عوام کو بھی اچھی سہولت ملے گی اور کوئٹہ آنے والے مہمان بھی اچھا تاثر لے کر جائیں گے کوئٹہ کا موازنہ اس وقت، آپ لاہور، کراچی یا پشاور سے کر ہی نہیں سکتے کیونکہ ایک تو ان شہروں کے مقابلے میں کوئٹہ نسبتاً چھوٹا شہر ہے اوپر سے یہاں ماضی میں موثر ٹاؤن پلاننگ ہوئی اور نہ ہی شہری منصوبہ بندی کے لوازمات پورے ہوسکے مختلف ادوار میں یہاں فنڈز تو آئے مگر اس کے بھی خاطر خواہ فوائد وثمرات سامنے نہیں آئے حتیٰ کہ انتہائی اہم ادارہ میٹروپولیٹن کارپوریشن جس کا کام ہی بلدیہ کے امور کی انجام دہی ہے وہ عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور عوامی مسائل کے حل میں مسلسل ناکامی سے دوچار رہا جبھی تو سالڈ ویسٹ کا منصوبہ بھی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت کھول دیا گیا اب مزید شعبوں میں اس جانب قدم اٹھایا گیا ہے ہمیں امید ہے کہ اس کے خاطر خواہ اور مثبت فوائد وثمرات سامنے آئیں گے ضرورت اس امر کی ہے کہ وزیراعلیٰ کے وژن کے مطابق سروس ڈیلیوری کے نظام کو بہتر سے بہتر اور فعال و موثر بنانے نیز تمام صوبائی محکموں پر موثر چیک اینڈ بیلنس کے نظام کو بھی موثر بنایا جائے تا کہ گڈ گورننس کو یقینی بنا کر صوبے کے دیرینہ مسائل کا خاتمہ کیا جاسکے اور کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں تعمیر وترقی اور خوشحالی کے ایک نئے دور کی شروعات ممکن ہوسکیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 26 OCT 2024 Page No. 23

# Processing facilities

Balochistan is rich in mineral resources, having a long costal area at the same time it is also the fruit basket of Pakistan where a number of high quality fruits are produced such as cheery, peach, grapes, pomegranate, apple. The province has a wide variety of climate and agro-ecological zones ideal for growing myriads of fruits and vegetables. Horticultural crops, especially fruits and vegetables, make an important contribution to the agricultural sector. Apple produced in Balochistan is of high quality which has huge demand in international market but regrettably lack of proper system, processing units the farmers and the province unable to tap from this blessing. It plays a significant role in employment, revenue generation and returns. The apple producing districts of Quetta, Killa Abdullah, Pishin, Killa Saifullah, Mastung and Kalat were selected for the project in consultation with the stakeholders. A study was conducted by JICA, UNIDO and Balochistan government in 2022 to highlight the current needs and challenges of the apple value chain in Balochistan and suggest measures for uplifting the chain. This study also provided an opportunity for the policy makers to tackle this sector's current challenges. It also aimed to identify the governance issues with focus on institutional capacities and practices within an enabling environment, including the private sector and individual farmers. The National Food Security Policy describes that the value chains in Pakistan, including Balochistan, are characterized by poor standard agricultural markets lacking basic hygiene and traceability. Moreover, inconsistent grading practices and inefficient transportation services are common. The other key issues of the value chains are lack of market information and cold storages, inadequate and poor roads, high post-harvest losses of fruits and vegetables, traditional and poor packaging materials, lack of accessibility of smallholder farmers to the high-end markets and lack of value addition of agro-based products. Sadly due to many weaknesses in the system a middleman is exploiting the small farmers because of their high dependency on him for the sale of their produce. On the marketing side, apple grading, packing and marketing standards are not followed and low and good quality apple is very often mixed. The produce is marketed in a traditional manner and cold storage facilities are poor, leading to high post-harvest losses. Still Balochistan does not have adequate apple processing, grading and packing facilities, and a very small proportion of apple is processed into value-added products such as apple pulp, jam, jelly, juice, squashes, drinks, clear concentrate and apple preserves. It is essential that the government and agriculture department must ensure processing, grading and packing facilities to farmers besides taking steps for its marketing in national and international level.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 26 OCT 2024

Page No. 24

# Green Revolution with 28,000 Solar Tube wells

The transition of agricultural tube wells in Balochistan to solar energy is not merely an energy project; it is a catalyst for a multi pronged approach towards revitalizing the provincial economy and environment. As Balochistan stands at this pivotal junction of transformation, the potential for a greener and prosperous future is palpable. With strong leadership, strategic investments, and communal participation, Balochistan can indeed emerge as a model for sustainable development, showcasing that with the right vision, a brighter future is not just a possibility but an inevitable reality. Balochistan embarking on a groundbreaking journey towards a greener and more prosperous future with the transition of 28,000 agricultural tubewells to solar energy. This monumental shift not only signifies a step towards environmental sustainability but also a transformation in agricultural productivity and economic stability for the region. The initiative is underpinned by a robust funding commitment, where 70% of the 55 billion rupee mega project will be financed by the federal government a clear indication of the central leadership's recognition of the importance of sustainable development in Balochistan.

As Prime Minister Muhammad Shahbaz Sharif outlined during his visit to Quetta on July 9, the timely implementation of this project, dubbed Plan 3, aims to finish the transition within six months. This ambitious timeline showcases the government's commitment to not only addressing energy challenges but also alleviating agricultural pressures in the province. The shift from conventional energy to solar systems for agricultural tubewells is anticipated to save a staggering 70 to 80 billion rupees per year in subsidies, which can then be redirected to other critical areas of development, thus

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 26 OCT 2024 Page No. 26

# بلوچستان اور وفاقی حکومت کا تاریخی قدم



## اٹھائیس ہزار زرعی ٹیوب ویلز کی شمسی توانائی پر منتقلی کا آغاز

اس شاندار منصوبے کی بدولت زرعی شعبہ میں انقلابی تبدیلیاں اور فصلوں کی پیداوار میں نمایاں اضافہ کے ساتھ ساتھ کسان بھی ہوں گے خوشحال

صدر پاکستان آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی اس منصوبے میں خصوصی توجہ سے

بلوچستان میں زمینداروں کا بجلی سے متعلق ایک طویل اور دیرینہ مسئلہ بھی حل ہوگیا

شفافیت کو یقینی بنانے کے لئے تمام زمینداروں کے بینک اکاؤنٹس میں براہ راست رقم منتقل کرنے کے میکنزم کی تشکیل، جس سے مڈل مین کے کردار کا یکسر خاتمہ ممکن ہوگا

بلوچستان کے عوام کی جانب سے اس کسان دوست منصوبے کو قابل عمل بنانے پر صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف اور وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کا خصوصی شکریہ!

**اب ہوگی زرعی ترقی بے مثال | اور ہوگا ہر کسان خوشحال**

محکمہ اطلاعات | حکومت بلوچستان

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

No. 06/25.10.2024



صوبائی وزیر میر صادق عمرانی سے سیکرٹری آبپاشی حافظ عبدالماجد، قاسم اچکزئی و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

Century Express Quetta



صوبائی وزراء سردار عبدالرحمٰن کھیتران، میر سلیم کھوسہ، حاجی علی مدد جتک، پارلیمانی سیکرٹریز حادیہ نواز بلوچ، حاجی عبدالمجید بادینی، حاجی برکت علی رند، اسفندیار خان کاکڑ، حاجی محمد خان لہڑی اور اراکین صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی شیخ زرک خان مندوخیل، میر رحمت صالح بلوچ، میر زابد علی ریکی، ظفر آغا، اصغر علی ترین، میر جہانزیب مینگل مولانا ہدایت الرحمٰن، شاہدہ رؤف اور کلثوم بلوچ اسمبلی اجلاس میں پیش کی گئی قراردادوں پر اظہار خیال کر رہے ہیں